# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 19 November 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹ ؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10؍بجے

***** ***** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ **اسمبلی انتخابات سمیت ناندیڑ لوک سبھا کے ضمنی انتخابات کی تشہیر ختم ' کل رائے دہی**

☆ **ریاست بھر میں 9؍کروڑ 70؍لاکھ 25؍ہزار 119؍رائے دہندوں کے لیے ایک لاکھ 427؍رائے دہی مراکز**

☆ **اکتوبر کے لیے جی ایس ٹی ٹیکس بھرنے 21؍تاریخ تک مدت میں توسیع**

اور

☆ **ضابطۂ اخلاق کے دوران ریاست میں 80؍ہزار افراد کے خلاف کارروائی**

اب خبریں تفصیل سے...

اسمبلی انتخابات سمیت ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخاب کی تشہیر کل ختم ہوگئی ہے۔ ریاست میں اسمبلی کی 288؍جبکہ ناندیڑ لوک سبھا حلقہ کے لیے کل رائے دہی ہوگی۔ ریاست بھر میں 9؍کروڑ70؍لاکھ 25؍ہزار119؍ووٹروں کے لیے ایک لاکھ 424؍رائے دہی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ حساس مراکز پر سینٹرل ریزروفورس کے جوان تعینات ہوں گے۔

ووٹنگ سے پہلے کے خاموش ماحول میں ووٹروں پر دباؤ ڈالنے ' الیکشن کے نتیجہ متاثر کرنے جیسے عوام کو سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے سے الیکشن کمیشن نے منع کیا ہے۔ اب تشہیر کرنے اور ریلی نکالنے پر منتظم اور شرکاء کے خلاف 2؍سال کی سزا اور جرمانہ یا دونوں بھی لاگو کرنے کی اطلاع چیف الیکشن کمیشن دفتر نے دی ہے۔

اِسی دوران اشتہارات نشر کرتے وقت بھی اصول کا خیال رکھنے کے احکامات امیدواروں اور اشتہار نشر کرنے والوں کو الیکشن کمیشن نے دیے ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے الیکشن کے عمل کی پوری تیاری ہوچکی ہے اور چیف الیکشن افسر ایس چوک لنگم نے ریاست کے ووٹروں سے کثیر تعداد میں ووٹ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

پولنگ اسٹیشن پر ووٹر کی شناخت کے لیے ووٹر آئی ڈی کے ساتھ 12 / دیگر ثبوتوں میں سے کوئی بھی ایک قبول کیا جائے گا۔ اِن میں ڈرائیونگ لائسنس ، پین کارڈ، آدھار کارڈ ، پاسپورٹ ، منریگا جاب کارڈ، بینک یا پوسٹل اکاؤنٹ کی تصویر والی پاس بک ، ہیلتھ انشورنس اسمارٹ کارڈ، قومی آبادی رجسٹر کے تحت رجسٹرار جنرل آف اِنڈیا کے ذریعہ جاری کردہ اسمارٹ کارڈ اور خصوصی معذوری شناختی کارڈ شامل ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ لوک سبھا حلقہ کے ووٹروں کو کل دوبارہ ووٹ دینا ہے۔ اِسی پولنگ اسٹیشن پر پہلی پولنگ لوک سبھا ضمنی انتخاب کے لیے ہوگی جبکہ دوسری پولنگ اسمبلی انتخابات کے لیے ہوگی۔ ضلع کے 6 / اسمبلی حلقوں کے ووٹروں سے احتیاط برتنے کی اپیل کرتے ہوئے کلکٹر ابھیجیت راؤت نے نامہ نگاروں کو اطلاع دی۔

ناندیڑ شمال، ناندیڑ جنوب، بھوکر نائیگاؤں ، دیگلور اور مُدکھیڑ اِن اسمبلی حلقوں میں 2 / ای وی ایم کے سیٹ رہیں گے۔ ایک مشین لوک سبھا کے لیے سفید رنگ کی اِس پر سفید رنگ کے اسٹیکر چسپاں ہوں گے جبکہ دوسری مشینیں وِدھان سبھا کے لیے گلابی رنگ کے اسٹیکر کے ساتھ اور پولنگ چٹ بھی گلابی رنگ کی ہوگی۔ رائے دہندگان کو ایک ہی پولنگ سینٹر پر دونوں ووٹ ڈالنے ہوں گے۔ اپنی شناخت کی تصدیق کے بعد رائے دہندہ کو پہلے لوک سبھا اور پھر اسمبلی کا ووٹ ڈالنا ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے تمام 9 / اسمبلی حلقوں پر آج دوپہر تک ووٹنگ اشیاء کے ساتھ ووٹنگ دستے پہنچنے کی اطلاع ضلع کلکٹر و ضلع الیکشن افسر دلیپ سوامی نے دی۔ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ایک صحافتی کانفرنس سے وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے اطلاع دی کہ تقریباً 18 / ہزار 178 / افراد ووٹنگ کے عمل کے لیے تعینات رہیں گے اور اُن کی حمل ونقل کے لیے تقریباً 11 / ہزار گاڑیاں رہیں گی۔

ضلع بھر میں مجموعی طور پر 3 / ہزار 273 / رائے دہی مراکز پر ووٹنگ کا عمل مکمل کیا جائے گا۔ پولنگ مراکز کی تعداد کے پیشِ نظر ضلع میں 7 / ہزار 430 / بیلیٹ یونٹ درکار ہوں گے۔ ان میں سے 20 / فیصد مشینیں مختص رکھی گئی ہیں۔ اِسی طرح 3 / ہزار 917 / کنٹرول یونٹ میں سے 20 / فیصد یونٹ مختص رکھی گئیں ہیں۔

***** ***** *****

ضلع الیکشن افسر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ نے کہا کہ جالنہ ضلعے میں الیکشن کمیشن کے آن لائن سسٹم کے ذریعہ کل پانچوں اسمبلی حلقوں کے پولنگ اسٹیشنوں پر جانے والی انتخابی ٹیموں کی تیسری راؤنڈنگ کل عمل مکمل ہوا۔ اِس عمل کے مطابق کون سی ٹیم کس پولنگ اسٹیشن پر جائے گی، متعلقہ ٹیموں کو آج آگاہ کردیا جائے گا۔ اِس کے بعد ٹیمیں ووٹنگ کے تمام سامان لے کر پولنگ اسٹیشن کے لیے روانہ ہوجائیں گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں پُر امن اسمبلی انتخابات کو یقینی بنانے والے الیکشن کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کے لیے پولس انتظامیہ، 5 / ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولس، 18 / پولس انسپکٹر ، 104 / اسسٹنٹ انسپکٹر اور پولس سب انسپکٹر، ایک ہزار 604 / پولس کانسٹیبلوں کے ساتھ ایک ہزار 450 / ہوم گارڈ اور 103 / این سی سی دستے تعینات کیے گئے ہیں۔ اِسی کے ساتھ مرکزی پولس ٹیم کے 4 / یونٹ بھی یہاں داخل ہوچکے ہیں۔

***** ***** *****

***** ***** *****

# یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

دریں اثناء گزشتہ روز انتخابی مہم کے آخری دن امیدواروں نے پریس کانفرنس جلسے اور روڈ شو اور ووٹر کے گھروں کا دورہ کیا۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی ٬ بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری وِنود تاوڑے ٬ وزیراعلیٰ و شیوسینا لیڈر ایکناتھ شندے ٬ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے رکن اسمبلی آدِتیہ ٹھاکرے سمیت دیگر افراد نے کل پریس کانفرنس منعقد کرتے ہوئے اپنے موقف کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

سابق وزیر داخلہ اور این سی پی شرد چندر پوار گروپ کے لیڈر انیل دیشمکھ کی گاڑی پر پتھراؤ کیا گیا اِس میں انیل دیشمکھ زخمی ہو گئے۔ یہ واقعہ ناگپور دیہی کے کاٹول کے جلال کھیڑہ علاقہ میں پیش آیا۔ انیل دیشمکھ کے بیٹے سلیل دیشمکھ کاٹول سے مہا وکاس آگھاڑی کے امیدوار ہیں۔ پولس سپرنٹنڈنٹ ہرش پودار نے کہا کہ واردات کی جانچ شروع کر دی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے گنگا پور حلقہ کے آزاد امیدوار سُریش سونو نے پر بھی کچھ نہ معلوم افراد نے لانجی گاؤں کے قریب پتھراؤ کیا۔ اِس میں وہ معمولی زخمی ہو گئے۔ پولس جانچ کر رہی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابی ضابطہ اخلاق کے دوران ریاست میں تقریباً 80/ہزار لوگوں کے خلاف احتیاطی کارروائی کی گئی۔ 56/ہزار سے زائد ہتھیار جمع کیے گئے اور 611/اسلحہ لائسنس منسوخ کیے گئے۔ اِس عرصے میں مختلف مقامات سے ٹیموں نے 660/کروڑ روپئے سے زائد کا سامان ضبط کیا ہے۔ اِس میں 153/کروڑ روپئے سے زیادہ نقد٬ 282/کروڑ روپئے سے زیادہ کی قیمتی دھاتیں شامل ہیں۔

***** ***** *****

جاری مالی سال میں حکومت نے جی ایس ٹی ریٹرن 3B داخل کرنے کی آخری تاریخ میں ایک دن یعنی مہاراشٹر اور جھارکھنڈ کی ریاستوں میں 21/تاریخ تک توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ جی ایس ٹی عمل آوری کمیٹی کی منظوری کے بعد لیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے میونسپل حدود میں واقع 4/اسمبلی حلقوں میں فی کس ایک مثالی ووٹنگ سینٹر قائم کیا گیا ہے۔ اِن میں ویٹنگ روم٬ نرسری ٬ پینے کا پانی ٬ طبی سہولت ٬ سیلفی پوائنٹ سمیت دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہے۔ استقبالیہ کمرہ میں نویں دسویں کے طلبہ کو بطور رضاکار مقرر کیا گیا ہے تاکہ وہ ووٹر کو فہرست میں نام تلاش کرنے اور بوتھ کی معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکیں۔ طلبہ کو تعینات کرنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ الیکشن کے عمل سے آگاہ ہو۔

***** ***** *****

اورنگ آباد مشرق حلقے سے مہایوتی کے امیدوار اتل ساوے اور اورنگ آباد وسطی حلقے سے مہایوتی کے امیدوار پردیپ جیسوال نے وہیکل ریلی نکال کر رائے دہندگان سے ملاقاتیں کی ۔ جبکہ اورنگ آباد وسطی حلقے سے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار باڑا صاحب تھورات نے موبائل فون پر آڈیو پیغام کے ذریعے مہا وِکاس آگھاری کے اِسی حلقے کے امیدوار راجو شندے نے عوام سے راست ملاقاتیں کر کے اپنی تشہیری مہم کا اختتام کیا۔

***** **** *****

چھترپتی سنبھا جی نگر ضلعے میں اب تک 4 / ہزار 71 / رائے دہندگان نے گھر سے اپنا رائے دہی کا حق ادا کیا ہے اور یہ تناسب 79 / فیصد ہے ۔ جبکہ 9/ ہزار699/ پوسٹل ووٹ ڈالے گئے ہیں اور یہ رائے دہی 73/ فیصد ہوئی ہے ۔ انتخابی شعبہ کی جانب سے یہ معلومات فراہم کی گئی ہے۔

***** **** *****

دھارا شیو ضلعے کے عمرگہ حلقے میں 85/613/ سال سے زائد عمر کے افراد اور 194/ معذور رائے دہندگان اِس طرح مجموعی طور پر 807/ رائے دہندگان نے گھر سے ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹریشن کروایا ہے اور اِن میں سے 769/ رائے دہندگان نے گھر سے رائے دہی کا حق ادا کیا ہے۔

***** **** *****

پربھنی انتخابی حلقے سے شیو سینا اُدھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رکن اسمبلی ڈاکٹر راہل پاٹل نے اپنی تشہیری مہم کا اختتام کل آٹو رکشہ ریلی اور معذورین کی رکشہ ریلی سے کیا ۔ جبکہ شیو سینا کے امدی وار آنند بھروسے نے تصویری رتھ کی ریلی سے اپنی تشہیری مہم ختم کی ۔

***** **** *****

لاتور شہر انتخابی حلقے سے کانگریس پارٹی کے امیدوار امِت دیشمکھ نے فلم اداکار رِتیش دیشمکھ کے ہمارہ شہر میں ایک جلسہٗ عام کیا۔ بعدازاں گنج گولائی علاقے میں روڈ شو کر کے رائے دہندگان سے ملاقاتیں کی ۔

***** **** *****

آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے ...

☆ اسمبلی انتخابات سمیت ناندیڑ لوک سبھا کے ضمنی انتخابات کی تشہیر ختم ، کل رائے دہی

☆ ریاست بھر میں 9/کروڑ 70/لاکھ 25/ہزار 119/رائے دہندوں کے لیے ایک لاکھ 427/رائے دہی مراکز

☆ اکتوبر کے لیے جی ایس ٹی ٹیکس بھرنے 21/تاریخ تک مدت میں توسیع

اور

☆ ضابطۂ اخلاق کے دوران ریاست میں 80/ہزار افراد کے خلاف کارروائی

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں ۔

☆☆☆☆